# نوٹس برائے ساتواں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا پاکستان ایلومینیم بیوریج کینز لمیٹڈ (کمپنی) کے ساتویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع دی جاتی ہے جو کہ بروز پیر مؤرخہ 23 مئی 2022 کو بوقت شام 3:00 بجے بمقام ISE آڈیٹوریم، BISE-55 ٹاورز، جناح ایونیو، اسلام آباد منعقد کیا جائے گا، اجلاس ہذا میں درج ذیل امور زیر بحث لائے جائیں گے:

عمومی امور

1۔ چھٹے سالانہ اجلاس عام منعقدہ 7 اپریل 2021 کی تحریری کاروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بابت مالی سال اختتامیہ 31 دسمبر 2021 بمعہ آڈیٹرز و ڈائریکٹرز کی رپورٹس کو موصول کرنا، زیر بحث لانا اور انھیں اپنانا۔

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے کمپنی کے حصص داران کیلئے تجویز کردہ حتمی نقد ڈیویڈنڈ بحساب 1.5 روپے فی حصص جو کہ 15% بنتا ہے کو زیر غور لانا اور اسکی منظوری دینا۔

4۔ مالی سال اختتامیہ 31 دسمبر 2022 کیلئے آڈیٹرز کو تعینات کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

5۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے مطابق تین سال کیلئے سات (7) ڈائریکٹروں کا انتخاب کرنا۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹروں کی تعداد سات تک مقرر کی گئی ہے۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹروں کے نام درج ذیل ہیں:

i. جناب سائمن مائیکل گائیون جینگز
ii. جناب اسد شاہد سورتی
iii. جناب اعجاز احمد
iv. جناب محمد جاوید اقبال
v. جناب زین اشرف مکاتی
vi. محترمہ حمیدہ سالم مکاتی
vii. جناب اعظم ساکرانی

6۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کو زیر بحث لانا۔

بحکم بورڈ

محمد شہروز
کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد
27 اپریل 2022

نوٹس:

1۔ کھاتوں کی بندش

ممبران کا رجسٹر بروز منگل مؤرخہ 17 مئی 2022 سے بروز پیر مؤرخہ 23 مئی 2022 (بشمول ایام مزکورہ) بند رہے گا۔ ایسے حصص داران جن کے نام مؤرخہ 16 مئی 2022 کو رجسٹر میں درج تھے نہ صرف مجوزہ نقد ڈیویڈنڈ وصول کرنے کے حقدار ہونگے بلکہ انھیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کا استحقاق بھی حاصل ہوگا۔ ہمارے دفتر شیئر رجسٹرار ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر 32 سی، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی 75500 کو کاروبار بند ہونے کی تاریخ 16 مئی 2022 تک موصول ہونے والی منتقلیاں بروقت تصور کی جائیں گی اور ایسے حصص داران ڈیویڈنڈ وصول کرنے اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے مستحق ہونگے۔

2۔ پوسٹل بیلٹ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی رو سے، ڈائریکٹروں کے انتخاب یا کسی دیگر ایجنڈا آئٹم کیلئے، سیکشنز 143 اور 144 بابت کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت ممبران کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اپنا حق رائے دہی بذریعہ پوسٹل بیلٹ استعمال کریں یعنی مزکورہ بالا ریگولیشنز میں مزکور طریق کار کے مطابق اپنا ووٹ بذریعہ ڈاک بھیج سکتے ہیں۔

3۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت

ایسا کوئی بھی ممبر جو کہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کا استحقاق رکھتا ہو کو اجازت ہے کہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کیلئے کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کردے۔ کوئی کارپوریٹ ادارہ، بطور ممبر، کسی بھی شخص کو اس مقصد کیلئے مقرر کرسکتا ہے قطع نظر اس بات کے کہ ایسا شخص ممبر ہے یا نہیں۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور ادارے کی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ کا حق استعمال کرنے والے شخص کے نمومہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی میں جمع کروانا ہونگے۔ پراکسی کے کاآمد ہونے کیلئے لازم ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ دفتر بمقام پی ایچ اے فلیٹ نمبر 04، بلاک نمبر 12، جی-8، اسلام آباد کو اجلاس شروع ہونے کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے موصول ہوجائیں۔

4۔ ویڈیو لنک

کووڈ-19 کے جاری مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے، ممبران کو اس بات کی ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اصالتاً یا بذریعہ پراکسی اس اجلاس میں اپنی حاضری کو ویڈیو لنک سے ممکن بنائیں۔ ایسے ممبران جو کہ سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کے خواہشمند ہیں کیلئے لازمی ہے کہ وہ بذریعہ ای میل corporate@pkbevcan.com اپنے کوائف جیسا کہ نام، فولیو نمبر، شناختی کارڈ کی دونوں جانب سے اسکین شدہ نقول، موبائل فون نمبر اور ممبر کی ملکیت میں موجود حصص کی تعداد ارسال کردیں، اس ای میل کا عنوان "Registration for PABC's AGM" ہونا چاہیئے۔ ویڈیو لنک سے منسلک ہونے کی بابت معلومات صرف ایسے ممبران کو ہی ارسال کی جائیں گی جن کی جانب سے مزکورہ بالا ای میل پتے پر مطلوبہ معلومات کے ساتھ 17 مئی 2022 شام 5 بجے سے قبل رجسٹریشن کا عمل مکمل کرلیا جائے گا۔ ممبران اگر سالانہ اجلاس عام سے متعلق اپنی آراء یا تجاویز پیش کرنا چاہتے ہوں تو ای میل corporate@pkbevcan.com پر ارسال کرسکتے ہیں۔

5۔ ویڈیو کانفرنس سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017 کے قواعد کے مطابق؛ ایسے ممبران جو کسی ایک شہر میں اس طرح آباد ہوں کہ وہ مجموعی طور کل ادا شدہ سرمائے کے 10% کے مالک ہوں تو ان کی جانب سے اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی درخواست دی جاسکتی ہے۔ اس سلسلے میں ممبران کو اجلاس کا آغاز ہونے سے کم از کم 10 دن پہلے درج ذیل طریقے سے اپنی معلومات کمپنی کو ارسال کرنا ہونگی تاکہ ان کی رجسٹریشن کی جاسکے:

میں/ہم _____ از _____ بطور ممبر/ممبران پاکستان ایلومینیم بیوریج کینز لمیٹڈ حامل/حاملین _____ عام حصص (تعداد) بحوالہ رجسٹرڈ شدہ فولیو نمبر _____ ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے فائدہ اٹھانے کی درخواست کرتا ہوں/کرتے ہیں۔

_____
دستخط ممبر/ممبران

ویڈیو کانفرنس کی سہولت اسی صورت میں فراہم کی جاسکتی ہے جبکہ کسی شہر یا علاقے میں مقیم کمپنی کے ممبران مجموعی طور پر 10% یا اس سے زائد حصص کے مالک ہوں اور ان کی جانب سے ایسی درخواست موصول ہو اور ایسی درخواست اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 10 دن قبل موصول ہونا لازم ہے۔ کمپنی کی جانب سے ایسے علاقے یا شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا فراہم کیا جانا متعلقہ سہولیات کی موجودگی سے مشروط ہے۔

6۔ نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی بذریعہ الیکٹرانک ذرائع

کمپنیز ایکٹ 2017 کے پروویژنز بابت سیکشن 242 کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیوں پر لازم ہے کہ ایسے تمام حصص داران جو کہ نقد ڈیویڈنڈ وصول کرنے کا استحقاق رکھتے ہیں کو نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف بذریعہ الیکٹرانک ذرائع براہ راست ان کے متعین کردہ بینک اکاؤنٹس میں ہی کی جائے گی۔ لہذا اپنے نقد ڈیویڈنڈ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹس میں وصول کرنے کیلئے ایسے تمام حصص داران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے بینک اکاؤنٹس اور زکوۃ سے متعلق جدید معلومات براہ راست اپنے حصص بروکر/شراکت دار/سی ڈی سی اکاؤنٹ سرمزکو فراہم کردیجیئے۔

7۔ ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 (آرڈیننس) کے پروویژنز بابت سیکشن 150 کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر ٹیکس کی کٹوتی کیلئے مختلف شرحیں لاگو ہیں۔

کمپنی اپنی کمرشل پروڈکشن کی تاریخ سے آئندہ دس سال (10) تک کیلئے آرڈیننس کی شق نمبر 126E، پارٹ 1، شیڈول 2 کے تحت انکم ٹیکس سے مستثنی ہے۔ لہذا کمپنی کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر منہا کئے جانے والے موجودہ ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرحیں درج ذیل ہیں:

(الف) ایکٹیو ٹیکس دھندگان کی فہرست میں مندرج افراد کیلئے 25%

(ب) ایکٹیو ٹیکس دھندگان کی فہرست میں مندرج نہ ہونے والے افراد کیلئے 50%

کمپنی کو اس قابل بنانے کیلئے کہ کمپنی کی جانب سے 50% کے بجائے 25% کے حساب سے ٹیکس کی کٹوتی کی جائے، ایسے تمام حصص داران جن کے نام فائلر ہونے کے باوجود فیڈرل بورڈ آف ریونیو ("FBR") کی ایکٹیو ٹیکس پیئرز کی فہرست پر مندرج نہیں ہیں ہے گزارش کی جاتی ہے کہ ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کی تاریخ سے قبل اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام مزکورہ فہرست میں درج کرلئے جائیں بصورت دیگر ان کے ڈیویڈنڈ سے ٹیکس 50% کے حساب سے منہا کئے جائے گا۔

ایسے کارپوریٹ حصص داران جن کے پاس سی ڈی سی اکاؤنٹ ہیں کو چاہیئے کہ اپنے متعلقہ شراکت داروں کے پاس اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی تجدید کروالیں۔ حصص داران این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹ، جیسی بھی صورت ہو، ارسال کرتے وقت اپنی کمپنی کا نام اور اپنے فولیو نمبر کا اندراج ضرور کریں۔

ایف بی آر کی جانب سے وضاحت کے مطابق اگر کسی حصص دار کو کم ٹیکس آرڈیننس کی شق 47B بابت پارٹ IV سیکنڈ شیڈول اگر ود ہولڈنگ ٹیکس سے استثنی چاہیئے ہو تو لازم ہے کہ استثنی حاصل کرنے کیلئے آرڈیننس کے سیکشن 159 کے تحت ٹیکس سے استثنی کا کارآمد سرٹیفکیٹ پیش کریں۔ ایسے افراد جو کہ مندرجہ بالا کیٹگری میں آتے ہوں کو چاہیئے کہ ٹیکس سے استثنی کا سرٹیفکیٹ ہمارے حصص رجسٹرار، ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز VII کراچی 75500 کے پاس جمع کروادیں؛ ای میل it@thk.com.pk ہے۔ بصورت دیگر آرڈیننس کے سیکشن 150 کے تحت مقررہ شرح ٹیکس کے مطابق ٹیکس منہا کرلیا جائے گا۔ ایسے حصص داران جو کہ مجموعی طور پر حصص کے مالکان ہیں ہے ایف بی آر کی وضاحت کے مطابق ٹیکس کا اطلاق فائلر/نان فائلر کے اعتبار سے انفرادی طور پر اور مجموعی طور ان کے حصص کے تناسب سے کیا جائے گا۔ لہذا ایسے حصص داران جو کہ مجموعی طور پر حصص کے مالکان ہیں کو چاہیئے کہ پرسنل اور جوائنٹ حصص میں اپنے حصص کا تناسب کمپنی کے رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کے پاس درج ذیل صورت میں تحریری طور پر رجع کروادیں:

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | کل حصص | پرنسپل حصص دار | | جوائنٹ حصص دار | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام و شناختی کارڈ نمبر | حصص کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام و شناختی کارڈ نمبر | حصص کا تناسب (حصص کی تعداد) |
| | | | | | |

مزید معلومات/سوالات کیلئے حصص داران کمپنی حصص رجسٹرار، ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی 75500 فون نمبر +322 000 111 92، ای میل it@thk.com.pk پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

8۔ حصص داران کیلئے مزید رہنمائی

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مجریہ 26 جنوری 2000 کے مطابق عمل کرنا ہوگا جیسا کہ ذیل میں بیان کیا جارہا ہے:

الف۔ اجلاس میں حاضری

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسے افراد جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور انکی رجسٹریشن سے متعلق معلومات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کی جاچکی ہوں کو بوقت اجلاس اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

(ii) بصورت کارپوریٹ ادارہ، اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے قرارداد/ پاور آف اٹارنی مقررہ شخص کے نمونہ دستخطوں کے ساتھ جمع کروانا ہونگے (الا یہ کہ یہ تمام کوائف کمپنی کو پہلے ہی فراہم کئے جاچکے ہوں)۔

ب۔ پراکسی کا تقرر

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسے افراد جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور انکی رجسٹریشن سے متعلق معلومات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کی جاچکی ہوں کو قواعد کے مطابق مزکورہ بالا اصولوں کے تحت پراکسی فارم جمع کروانا ہونگے۔

(ii) پراکسی فارم پر دو افراد بطور گواہ دستخط کریں گے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم پر درج کئے جائیں گے۔

(iii) مستفید مالک اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول بھی پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا لازم ہے۔

(iv) بوقت اجلاس پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

(v) بصورت کارپوریٹ ادارہ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور نمونہ دستخطوں کے ساتھ پراکسی فارم کمپنی کے پاس جمع کروانا ہونگے۔

9۔ آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات اور نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام کی ترسیل بذریعہ الیکٹرانک ذرائع

کمپنی کی سالانہ مالیاتی دستاویزات برائے مالی سال اختتامیہ 31 دسمبر 2021 کمپنی کی ویب سائٹ www.pkbevcan.com پر اپ لوڈ کی جاچکی ہیں۔ ممبران کو مزید مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 کے تحت آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات اور نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام کی ترسیل بذریعہ الیکٹرانک ذرائع کی اجازت دی جاچکی ہے۔ مزکورہ بالا قواعد کی روشنی میں سالانہ رپورٹ برائے مالی سال 2021 کی سافٹ کاپیاں ممبران کو بذریعہ ای میل ارسال کی جا رہی ہیں۔ اگر کسی ممبر کو سالانہ رپورٹ برائے مالی سال 2021 کی پرنٹ شدہ نقل درکار ہو تو انھیں چاہیئے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود معیاری درخواست فارم پر اپنی درخواست جمع کروادیں۔ ایسے ممبران کو رپورٹ کی پرنٹ شدہ نقل درخواست جمع کروانے کے سات (7) دنوں کے اندر ارسال کردی جائے گی۔ ممبران سے یہ گزارش بھی کی جاتی ہے کہ اگر ان کے ای میل ایڈریس میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی ہے تو اس تبدیلی سے حصص رجسٹرار کو بروقت مطلع فرمادیں تاکہ کمپنی کی جانب سے رابطے کو ممکن بنایا جاسکے۔

10۔ ڈائریکٹروں کا انتخاب

ایجنڈا آئٹم نمبر 05

بیان بابت اہم حقائق زیر تحت سیکشن (3)166 کمپنیز ایکٹ 2017

کمپنی کے موجودہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی میعاد 22 مئی 2022 کو ختم ہورہی ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2017 ("ایکٹ") کے سیکشن (1)159 کے تحت بورڈ کی جانب سے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں اگلے تین سال کیلئے منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹروں کی تعداد سات (7) مقرر کی گئی ہے۔

ایسا کوئی بھی شخص جو کہ ڈائریکٹر کے منصب کیلئے انتخاب کے عمل میں خود کو پیش کرنا چاہتا ہے، خواہ وہ کوئی ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور، کو کمپنی سیکرٹری کے پاس درج ذیل دستاویزات جمع کروانا ہوگی۔ یہ دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ دفتر بمقام پی ایچ اے فلیٹ نمبر 04، بلاک 12، G-8/ 4 اسلام آباد میں سالانہ اجلاس عام شروع ہونے سے کم از کم 14 دن قبل جمع کروائی جانی چاہیئے۔

الف) امیدوار کی جانب سے ایکٹ کے سیکشن (3)159 کے تحت خود انتخاب کے عمل میں پیش کرنے کیلئے اپنا ارادہ ظاہر کرنے کا نوٹس؛

ب) فارم 28 میں اس بات کی رضامندی کا اظہار کہ امیدوار بطور ڈائریکٹر اپنی خدمات فراہم کرنے کیلئے رضامند ہے جیسا کہ کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018 میں مزکور ہے؛

ج) ایس ای سی پی کے ایس آر او 634(1)2014 مجریہ 10 جولائی 2014 کے تحت اپنا مکمل کوائف نامہ بمعہ دفتر کا پتہ؛

د) اس بات کا اقرار کہ امیدوار لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور قابلیت کے معیار پر پورا اترتا ہے جیسا کہ ایکٹ کے سیکشن 153 میں کسی لسٹڈ کمپنی میں بطور ڈائریکٹر یا غیر جانبدار ڈائریکٹر کے بطور فرائض منصبی ادا کرنے کے بارے میں مزکور ہے؛

ھ) جس وقت امیدوار بطور ڈائریکٹر اپنی خدمات فراہم کرنے کیلئے رضامندی کا فارم پر کررہا ہو لازم ہے کہ اس وقت وہ کمپنی کے 500 حصص کا مالک ہو جو کہ معیار پر پورا اترنے کیلئے لازم ہے۔ مزکورہ قابلیت کا اطلاق ایکٹ کے سیکشن (i)153 میں مزکور قابلیت پر نہیں ہوتا؛

و) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور این ٹی این کی تصدیق شدہ نقول؛

ذ) غیر جانبدار ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ کے سیکشن 159 کے تحت عمل میں لایا جائے گا اور امیدوار کا ایکٹ کے سیکشن 166، کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈسپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 اور گائیڈ بک آن کارپوریٹ گورننس اینڈ فریکوئنلی آسکڈ کوئسشنز 5 جون 2020 میں مزکور معیار پر پورا اترنا لازم ہوگا، اور اسی مناسبت سے امیدوار کو غیر جانبدار ڈائریکٹر کے انتخاب کیلئے درج ذیل دستاویزات بھی جمع کروانا ہوگی:

(i) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق (3)6 کے تحت غیر جانبدار ڈائریکٹر/ ڈائریکٹروں کی جانب سے اعلان؛

(ii) غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر اقرار نامہ کہ امیدوار کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈسپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 4 کے ذیلی ریگولیشن 1 کے تحت مطلوبہ شرائط پر پورا اترتا ہے۔

ڈائریکٹر کے منصب کیلئے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی حتمی فہرست سیکشن (4)159 کے تحت اجلاس شروع ہونے سے کم از کم سات (7) دن پہلے شائع کردی جائے گی، کمپنی کی ویب سائٹ پر متعلقہ معلومات کی تجدید کردی جائے گی۔